بِسْمِ اللهِ الرَّحْمَنِ الرَّحِیْم

# گہرے دوست

زخرف بنت ندیم عطاریہ

جامعۃ المدینہ فیضان ابو ہریرہ




Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://crazyfansofnovel.com/
fb.me/CrazyFansOfNovel

السلام علیکم !!!



ہماری ویب سائٹ پر شائع ہونے والے تمام ناولز اور مواد مصنفہ / مصنف کے نام اور ٹائٹل سے محفوظ ہیں۔

ان تحریر کے رائٹس کریزی فینز آف ناول اور مصنفہ / مصنف کے پاس محفوظ ہیں بغیر اجازت کوئی بھی شخص ان تمام ناولز مواد کی نقل نہیں کر سکتا۔

نقل شدہ مواد پکڑے جانے کی صورت میں متعلقہ فرد، بلاگ یا ویب سائیٹ کو درپیش آنے والے مسائل کا وہ خود ذمہ دار ہو گا۔

**نوٹ:**

ہمیں اپنی ویب سائٹ کریزی فینز اوف ناول کے لئے لکھاریوں کی ضرورت ہے اگر آپ ہماری ویب سائٹ پہ اپنے ناول، افسانے، کالم، آرٹیکل اور شاعری شائع کروانا چاہتے ہیں تو اردو میں ٹائپ کر کے مندرجہ ذیل زریع کو استعمال کرتے ہوئے ہمیں بھیج سکتے ہیں۔




Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://crazyfansofnovel.com/
fb.me/CrazyFansOfNovel

انشاءاللہ آپ کی تحریر دو دن کے اندر ویب سائٹ پر شائع کر دی جائے گی۔

تفصیلات کے لیے ان رابطوں کا انتخاب کیجیے۔



## کریزی فینز آف ناول پبلیشرز

Email : crazyfansofnovel@gmail.com

Facebook Page : fb.me/CrazyFansOfNovel

Facebook Group : https://web.facebook.com/groups/292572831468911/

Website Url : https://crazyfansofnovel.com

شکریہ

انتظامیہ کریزی فینز آف ناول!!!!!!


Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://crazyfansofnovel.com/
fb.me/CrazyFansOfNovel

# گہرے دوست

زخرف بنت ندیم عطاریہ

جامعۃ المدینہ فیضان ابو ھریرہ

اور اچھائی اور برائی برابر نہیں ہو سکتی۔ برائی کو بھلائی کے ساتھ دور کر دو تو تمہارے " اور جس شخص کے درمیان دشمنی ہو گی وہ اس وقت ایسا ہو جائے گا کہ جیسے وہ گہرا دوست " ہے

ہم سب ہی جانتے ہیں کہ اچھائی اور برائی دو الگ الگ چیزیں ہیں۔ یہ ایک دوسرے کی ضد ہیں۔ جو فائدے اچھائی کے ہیں وہ برائی سے کبھی حاصل نہیں ہو سکتے اور برائی سے صرف نقصان ہی ملتا ہے۔



CrAZy FaNs of NoVeL | By Sabahat Khan
Aansuon ki Dua | By Samreen Ahsen (Compleat Novel)
Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://crazyfansofnovel.com/
fb.me/CrazyFansOfNovel

اگر ہم اپنے کسی دشمن کی برائی کا جواب بھی اچھے انداز میں دیں تو وہ بھی نرم پڑ جائے۔

ایک انسان جو آپ کو ناپسند کرتا ہے۔ آپ سے عداوت رکھتا ہے تو اگر آپ اس کے ساتھ اچھے اخلاق سے پیش آئیں تو ان شاء اللہ اس کے دل میں بھی آپ کی عزت بڑھے گی۔

آپ کسی کو ناپسند کرتے ہیں۔ کوئی شخص آپ کو اچھا نہیں لگتا۔ اس کی ہر بات آپ کو ناگوار لگتی ہے تب بھی آپ اس کی ہر بات کا جواب بھلائی سے دیں۔ اس طرح کرنے والوں کے لئے فرمایا گیا ہے کہ وہ ایسے ہو جائیں گے جیسے گہرے دوست ہوتے ہیں۔

لیکن میری آج کی گفتگو اس آیت پر نہیں بلکہ اس کے بعد والی آیت پر ہے۔

"اور یہ دولت صبر کرنے والوں کو ہی ملتی ہے اور یہ دولت بڑے نصیب والے کو ہی ملتی ہے"




Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://crazyfansofnovel.com/
fb.me/CrazyFansOfNovel

یہاں فرمایا جارہا ہے کہ یہ دولت یعنی کے "گہرے دوست" صبر کرنے والوں کو ملتے ہیں اور نصیب والوں کو ملتے ہیں۔

ہاں۔۔۔ دوست بھی نعمت ہے۔۔۔ آپ کی برائی کا جواب جو بھلائی سے دے۔ جو مشکل میں آپ کا ساتھ دے۔ آپ کے دین ایمان کی فکر کرے۔ آپ کا خیال بھی رکھے ایسے دوست نعمت ہیں اور یہ نعمت نصیب والوں کو ملتی ہے۔

اور فرمایا جارہا ہے کہ یہ نعمت "صبر والوں" کو ملتی ہے۔

جو آپ کے دوست ہیں نا۔۔۔ وہ بھی انسان ہیں۔۔۔ اور کوئی انسان پرفیکٹ نہیں ہے۔۔۔ ہر انسان دوسرے سے مختلف ہے۔۔۔ جہاں کچھ باتوں میں موافقت ہو گی۔۔۔ وہیں کچھ باتوں میں آپ کی سوچیں مختلف بھی ہوں گی۔۔۔

ہر انسان دوسرے سے مختلف ہے۔۔۔ اور انسانوں سے غلطیاں ہوتی رہتی ہیں۔۔۔ اگر آپ کسی دوسرے انسان کے ساتھ ہیں تو دوسرے انسان کی کوئی نا کوئی بات تو آپ کو




Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://crazyfansofnovel.com/
fb.me/CrazyFansOfNovel

ضرور ناگوار لگے گی۔۔۔ آپ کی بھی کچھ باتیں اسے ناگوار لگیں گی۔۔۔ یہ فطرت ہے۔۔۔ ایسا ہو ہی نہیں سکتا کہ دو لوگوں کو ایک دوسرے کی کوئی بھی بات ناگوار نہ لگے یا دونوں بالکل ایک جیسے ہی ہوں۔۔۔

جو آپ کا دوست ہے۔۔۔ اس کی چند باتیں۔۔۔ جو آپ کو ناگوار لگتی ہیں۔۔۔ ان پر "صبر" کریں۔۔۔ ہو سکتا ہے دوسرا انسان بھی آپ کی کتنی باتوں پر صبر کر رہا ہو۔۔۔

یہ دولت (گہرے دوست) صبر والوں کو ہی ملتے ہیں۔۔۔ جب آپ کسی کی باتوں پر صبر کرتے ہیں۔۔۔ جو باتیں آپ کو اچھی نہیں لگیں۔۔۔ جو عادتیں آپ کو پسند نہیں۔۔۔ آپ انہیں ایسے ہیں قبول کر لیں جیسی وہ ہیں۔۔۔ ہر بات کا جواب دینا ضروری نہیں ہوتا۔۔۔ ناگوار بات پر لڑائی جھگڑا کرنے سے بہتر ہے اس ایک بات کو اگنور کر دیں ۔۔۔ صبر کر لیں۔۔۔ جب آپ چھوٹی چھوٹی باتوں کو اگنور کرنے لگیں گے۔۔۔ اور ساتھ ہی ساتھ اپنے دوست سے بھلائی بھی کریں گے۔۔۔ تو آپ کو اللہ "بخت" لگائے گا ۔۔۔




Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://crazyfansofnovel.com/
fb.me/CrazyFansOfNovel

وہ دوست جس کی باتیں آپ کو بری لگتی ہیں آپ ہرٹ ہوتے ہیں۔۔۔وہی دوست آپ کے لئے "گہرا دوست" بن جائے گا۔۔۔

آپ کا ساتھی۔۔۔ آپ کا محافظ بھی۔۔۔ آپ کا رازدار بھی۔۔۔ آپ کے ایمان کو مضبوط کرنے کا ذریعہ بھی۔۔۔

لیکن شرط۔۔۔ "صبر" ہے۔۔۔ چھوٹی چھوٹی باتوں پر صبر۔۔۔ مسکراہٹ۔۔۔ بھلائی۔۔۔اور احسان۔۔۔

ہر بات پر لڑیں گے۔۔۔ تو دوستی سے برکت اٹھ جائے گی۔۔۔ شیطان بات بات پر آپ کے درمیان فساد دلوائے گا۔۔۔ دو محبت کرنے والوں کو لڑوا کر شیطان ویسے بھی بہت خوش ہوتا ہے۔۔۔ ہر بات لڑنا نہیں ہے۔۔۔ صبر کرنا ہے۔۔۔ جو بات اگنور کرنے والی ہو اسے اگنور کر دیں۔۔۔ اچھے انداز میں بھلائی کریں۔۔۔ نیکی کریں۔۔۔

آپ کو اللہ "خوش نصیب" لوگوں میں شامل کر دے گا۔۔۔ اور آپ کو وہ دولت دے گا جس کا اللہ نے وعدہ کیا ہے۔۔۔




Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://crazyfansofnovel.com/
fb.me/CrazyFansOfNovel

امید ہے آپ کو یہ تحریر پسند آئی ہو گی اپنی قیمتی رائے سے ہمیں ضرور آگاہ کیجئے

فی امان اللہ

اپنا خیال رکھیے اور ہمیں اپنی دعاؤں میں یاد رکھیے اللہ آپ کے لیے بھی خیر و عافیت کا معاملہ فرمائے

آمین

کریزی فینز آف ناول پبلیشرز


Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://crazyfansofnovel.com/
fb.me/CrazyFansOfNovel